نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں منعقدہ سورج مکھی کے پیداواری مقابلہ 2022-23 کی صوبائی کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد۔صوبائی سطح پر جیتنے والے کاشتکار کے نام کا حتمی اعلان۔

لاہور : **21 جون 2023** (   ) تیلدار اجناس کی پیداوار میں فروغ کے قومی منصوبہ کے تحت سورج مکھی کے پیداواری مقابلہ 2022-23 میں ضلع سیالکوٹ کے کاشتکار احسن جاوید ولد محمد عبدل نے **55.70** من **فی ایکڑ** پیداوار حاصل کرنے کے بعد صوبائی سطح پر اول پوزیشن حاصل کی ہے اور حکومت پنجاب کی طرف سے احسن جاوید کو 5 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائے گا۔ یہ فیصلہ آج سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی سربراہی میں سول سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ سورج مکھی کے پیداواری مقابلہ 2022-23 کی صوبائی کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا۔یاد رہے، محکمہ زراعت پنجاب نے تیلدار اجناس کی پیداوار میں فروغ کے قومی منصوبہ کے تحت مالی سال 2022-23 کے دوران سورج مکھی کے صوبائی و ڈویژنل سطح پر پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد کیا تھا جس کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کی گئیں تھیں۔ان پیداواری مقابلوں کی صوبائی کمیٹی کے چیئرمین سیکرٹری زراعت پنجاب جبکہ دیگر ممبران میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع)، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی و فیلڈ، ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ سروس اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب کے علاوہ تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے پراجیکٹ ڈائریکٹر بھی شامل تھے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے جیتنے والے کاشتکار کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ فصلوں کے پیداواری مقابلہ سے کاشتکاروں کے مابین صحتمندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس سے کاشتکار زیادہ محنت و تندہی سے کام کرتے ہیں اور پیداواری اہداف کے حصول میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ سورج مکھی کے ڈویژن کی سطح پر زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کو متعلقہ ڈویژنل کمشنرز کی زیرِ نگرانی قائم کمیٹی کے ذریعے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔

☆☆☆☆